بی اے فارسی زائد (جدید نصاب)

# تفہیم فارسی


پروفیسر انور الحسن ایم اے

پروفیسر یوسف عزیز ایم اے

ڈاکٹر محمد صدیق شبلی

پی ایچ ڈی تہران (ایران)


گلستان سعدی

پیام مشرق

حالاتِ زندگی

تنقید و تبصرہ،

تشریح و ترجمہ

اشعار و حکایت

مشکل الفاظ کے معنی

یونیورسٹی پرچہ جات


مجید بک ڈپو

اردو بازار، لاہور

بھوانہ بازار، فیصل آباد

اپنی نوعیت کی منفرد کتاب

ترمیم و اضافہ شدہ ایڈیشن

معیاری اور مقبول ترین

بی اے جدید نصاب

# تفہیمِ فارسی (آپشنل)

مکمل شرح گلزارِ ادب


• پروفیسر انوار الحسن • پروفیسر یوسف عزیز

• ڈاکٹر محمد صدیق شبلی



مجید بک ڈپو

اُردو بازار، لاہور 7311484-7355187

امین پور بازار، فیصل آباد 647841 (041)

6th روڈ، راولپنڈی 4423948 (051)

# گلستانِ سعدی

شیخ سعدی رحمۃ اللہ علیہ کے حالات زندگی پر سیر حاصل تنقیدی تبصرہ

حکایات ۱ تا ۲۰ تک کا با محاورہ ترجمہ۔

اشعار کی تشریح۔

مشکل الفاظ کے آسان معنی۔

# پیامِ مشرق

علامہ اقبالؒ کے حالات زندگی۔

کلام اقبال کی شاعرانہ خصوصیات۔

پیام مشرق۔ تعارف و اجمالی جائزہ

پیام مشرق کی خصوصیات۔

نظموں کا مفہوم و تشریح۔

نظموں کے مشکل الفاظ کے معنی۔

Library Govt. College for Women M. Garh
Serial No. 7788
Date ... Initial ...

جملہ حقوق محفوظ ہیں

اشاعت ... 2003
ناشر ... افتخار احمد
طابع ... مجید بک ڈپو لاہور، فیصل آباد
مطبع ... زیڈ اے پرنٹرز
قیمت ... 30/= روپے
کتابت ... محمد یونس کھوکھر

# شیخ سعدی شیرازی

شیخ سعدی کا شمار ایران کے عظیم شعراء و ادباء میں ہوتا ہے۔ ان کی شہرت ان کی زندگی میں ہی ایران سے نکل کر عالمِ اسلام میں پھیل چکی تھی۔ تقریباً سات سو سال سے ان کی کتابیں مدارس و مکاتب میں پڑھی جا رہی ہیں۔ وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ فارسی زبان کا دائرہ اگرچہ محدود ہو گیا ہے۔ لیکن سعدی کی مقبولیت میں برابر اضافہ ہوا ہے۔ بلکہ آج تو ان کی شہرت ایشیا سے نکل کر عالمگیر ہو چکی ہے۔ مہذب دنیا کا شاید ہی کوئی ایسا ملک ہو جہاں شیخ سعدی کی گلستان و بوستان یا ان کا فیض نہ پہنچا ہو۔ ایک مغربی مفکر ول ڈیورانٹ نے اپنی کتاب "داستانِ تمدن" کے ایک باب کا نام "عصرِ سعدی" رکھدیا ہے جو سعدی کی عظمت کا ایک منہ بولتا ثبوت ہے۔

سعدی کی اس عظمت اور شہرت کے باوجود ان کی زندگی کے صحیح اور پورے کوائف نہیں ملتے۔ ان کی زندگی کے بعض پہلوؤں پر تاریکی کا پردہ پڑا ہوا ہے۔ ان کے نام اور تاریخ پیدائش کے سلسلہ میں اختلاف پایا جاتا ہے۔

## پیدائش

شیخ سعدی شیراز میں پیدا ہوئے۔ ان کی تاریخ پیدائش کے بارے میں قدیم تذکرہ نویسوں نے کچھ نہیں لکھا۔ البتہ اس بات پر زیادہ لوگوں کا اتفاق ہے کہ سعدی کی وفات ۶۹۱ھ میں ہوئی۔ ایک ایرانی تذکرہ نویس احسان معتقد نے ۵۸۰ھ سعدی کا سال ولادت قرار دیا ہے اس حساب سے سعدی کی عمر ۱۱۱ سال بنتی ہے لیکن اسکے ثبوت میں کوئی دلیل پیش نہیں کی جا سکتی کہ سعدی نے اتنی عمر پائی ہے البتہ سعدی نے گلستان کے دیباچے میں اپنے حسب حال چند شعر کہے ہیں ان میں ایک شعر یوں ہے

ای کہ پنجاہ رفت در خوابی

مگر این پنج روز دریابی

(ترجمہ) اے شخص تیری عمر کے پچاس سال گزر چکے ہیں۔ لیکن تو ابھی تک سو رہا ہے